رجسٹرڈ نمبر ایل-۵۲۵۴ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٹیلیفون نمبر ۴۴۹

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ ۔ عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

روزنامہ الفضل ربوہ

خطبہ نمبر ۱۹

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۳۷ | منگل ۱۷ شوال المکرم ۱۴۰۱ھ ۱۸ ظہور ۱۳۶۰ ہش ۱۸ اگست ۱۹۸۱ء | نمبر ۱۸۷

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بحرِ حکمت کے موتی، جوامع الکلم، جواہر الکلام:

اُٹھو اور توبہ کرو اور اپنے مالک کو نیک کاموں سے راضی کرو

بڑا بدقسمت اور بدبخت ہے وہ شخص جو خدا تعالیٰ سے مایوس ہو

ارشاد باری تعالیٰ

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ (التوبۃ: ۱۰۴)

ترجمہ:- کیا ان کو معلوم نہیں ہے کہ اللہ ہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور ان کے صدقات لیتا ہے اور اللہ ہی ہے جو بہت توبہ قبول کرنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَالَمْ يُغَرْغِرْ۔

(ترمذی کتاب الدعوات باب فضل التوبۃ ص ۱۹۲/۲)

ترجمہ:- حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غرغرے سے پہلے بندہ جب بھی توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول کر لیتا ہے۔ یعنی اس کی توبہ ردّ نہیں کی جاتی۔

ملفوظات سیدنا حضرت اقدس

"پس اُٹھو! اور توبہ کرو اور اپنے مالک کو نیک کاموں سے راضی کرو اور یاد رکھو کہ اعتقادی غلطیوں کی سزا تو مرنے کے بعد ہے اور ہندو یا عیسائی یا مسلمان ہونے کا فیصلہ تو قیامت کے دن ہوگا، لیکن جو شخص ظلم اور تعدی اور فسق و فجور میں حد سے بڑھتا ہے اس کو اسی جگہ سزا دی جاتی ہے۔ تب وہ خدا کی سزا سے کسی طرح بھاگ نہیں سکتا۔ سو اپنے خدا کو جلدی راضی کر لو اور قبل اس کے کہ وہ دن آوے جو خوفناک دن ہے یعنی طاعون کے زور کا دن جس کی نبیوں نے خبر دی ہے۔ تم خدا سے صلح کر لو وہ نہایت درجہ کریم ہے۔ ایک دم کے گداز کرنے والی توبہ سے ستر برس کے گناہ بخش سکتا ہے اور یہ مت کہو کہ توبہ منظور نہیں ہوتی۔ یاد رکھو کہ تم اپنے اعمال سے کبھی بچ نہیں سکتے۔ ہمیشہ فضل بچاتا ہے نہ اعمال۔ اے خدائے کریم و رحیم! ہم سب پر فضل کر کہ ہم تیرے بندے اور تیرے آستانہ پر گرے ہیں۔ آمین۔" (لیکچر لاہور ص ۳۹)

"خدا تعالیٰ کے فضل و کرم کا دروازہ کبھی بند نہیں ہوتا۔ انسان اگر سچے دل سے اور اخلاص لیکر رجوع کرے تو وہ غفور الرحیم ہے اور توبہ کو قبول کرنے والا ہے۔ یہ سمجھنا کہ کس کس گنہگار کو بخشے گا خدا تعالیٰ کے حضور سخت گستاخی اور بے ادبی ہے۔ اس کی رحمت کے خزانے وسیع اور لا انتہا ہیں اس کے حضور کوئی کمی نہیں اس کے دروازے کسی پر بند نہیں ہوتے۔ انگریزوں کی نوکریوں کی طرح نہیں کہ اتنے تعلیم یافتہ کو کہاں سے نوکریاں ملیں۔ خدا کے حضور جس قدر پہنچیں گے سب اعلیٰ مدارج پائیں گے۔ یہ یقینی وعدہ ہے۔ وہ انسان بڑا ہی بدقسمت اور بدبخت ہے جو خدا تعالیٰ سے مایوس ہو اور اس کی نزع کا وقت غفلت کی حالت میں اس پر آجاوے۔ بیشک اس وقت دروازہ بند ہو جاتا ہے۔"

(ملفوظات جلد سوم ص ۲۹۶)

اخبارِ احمدیہ

ربوہ ۱۶ ظہور- اگست۔ سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں جناب امیر صاحب مقامی محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کی خدمت میں کراچی سے آمدہ ۱۵ ظہور کی بذریعہ ٹیلیفون اطلاع مظہر ہے کہ

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احبابِ کرام التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمارے جان سے پیارے آقا کا ہر جگہ اور ہر آن حافظ و ناصر ہو۔ آپ کو دن رات پوری صحت و تندرستی کے ساتھ اعلیٰ ترین خدماتِ دینیہ بجا لانے کی سعادت عطا کرتا رہے اور ہر گام پر آپ کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت ہائی بلڈ پریشر اور کمزوری کی وجہ سے ناساز ہے۔ احبابِ کرام التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے حضرت سیدہ ممدوحہ مدظلہا کو صحتِ کامل عطا کرے اور لمبی بابرکت عمر سے نوازے۔ آمین۔

مکرم برادرم چوہدری فضل الٰہی صاحب طاہر دارالصدر غربی ربوہ کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے ۱۵-۱۶ اگست ۸۱ء کی درمیانی شب کو پہلا لڑکا عطا فرمایا ہے نومولود مکرم چوہدری دین محمد صاحب کا پوتا اور مکرم چوہدری محمد اسماعیل صاحب فیکٹری ایریا ربوہ کا پہلا نواسہ ہے۔

احباب جماعت سے درخواست ہے کہ دعا فرمائیں کہ نومولود نیک و صالح خادمِ دین ہو اور خدا تعالیٰ اس پر ہمیشہ رحمت و فضل نازل فرمائے آمین۔ نیز بچہ و زچہ کو صحت کامل عطا فرمائے۔ آمین!

(گلزار احمد طاہر ہاشمی
دارالصدر شرقی ربوہ)

گیمبیا میں سب احمدی بخیریت ہیں

گیمبیا کے مبلغ انچارج اور امیر مکرم مولانا داؤد حنیف صاحب نے بذریعہ کیبل گرام اطلاع دی ہے کہ محض خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے گیمبیا میں موجود تمام احمدی احباب بخیر و عافیت ہیں اور ملک میں رونما ہونے والے حالیہ واقعات کی وجہ سے کسی احمدی کو نقصان نہیں پہنچا۔ الحمد للہ علیٰ ذٰلک

یاد رہے کہ گزشتہ دنوں گیمبیا میں حکومت کا تختہ اُلٹنے کی سازش کی گئی تھی جسے بروقت ناکام بنا دیا گیا تھا۔

احمدی والدین ایک وعدہ کریں

حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ کا ارشاد

حضرت امام جماعتِ احمدیہ ایدہ اللہ نے احمدی والدین کو ان کے امسال امتحان دینے والے بچوں کے متعلق ایک وعدہ اور عہد کرنے کا پابند کیا ہے۔ اس عہد کا خلاصہ اپنے الفاظ میں یہ ہے

"احمدی والدین یہ وعدہ کریں کہ وہ نگرانی کریں گے کہ امسال ان کے امتحان دینے والے تمام بچے اور بچیاں نتیجہ نکلنے پر حضور کی خدمت میں خط لکھیں گے"

پبلشر: مسعود احمد پرنٹر: سید عبدالحی مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ ● قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ

کبھی بھی ایک دوسرے سے نہ لڑو اور غلط فہمیاں دور کرنے کیلئے جہاں تک ہو سکے اپنے حقوق چھوڑ دو

دینے والا تو خدا ہے وہ جب دینے پر آتا ہے تو اتنا دیتا ہے کہ بندے کی جھولی میں سما نہیں سکتا

جماعت کے مال میں ہر احمدی شریک ہے اس لئے اس کی برکتیں ہر ایک کو نظر آنی چاہئیں اور اسے ہر وقت خدا کی تحمید کرنی چاہیئے

ہر فرد جماعت کی ذمہ داری ہے کہ ربوہ کی فضا محبت و پیار کی فضا رہے اور ہر شخص دوسرے کا دکھ دور کرنے والا ہو

سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۱۳ احسان ۱۳۵۹ ہش مطابق ۱۳ جون ۱۹۸۰ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ

مرتبہ: مکرم یوسف سلیم صاحب شاہد ایم اے۔ انچارج شعبہ زود نویسی، ربوہ

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:۔

بیماری کی وجہ سے ایک لمبے عرصہ کے بعد میں خطبہ کیلئے یہاں آیا ہوں مجھے بیماری کا حملہ ۲۵ اور ۲۶ مارچ کی درمیانی شب کو ہوا۔ جب میں سویا تو چنگا بھلا تھا جب میں اٹھا تو شدید بیمار تھا۔ گردہ پر حملہ ہوا انفیکشن کا اور اس کے ساتھ سردی اندرونی طور پر shivering جس نے جسم کو جھنجوڑ کر رکھ دیا۔ اور بخار اتنا تو نہیں ہوا جو ۷۵ء میں ہوا تھا گردہ کی تکلیف سے، لیکن ۱۰۲ سے اوپر ہو گیا

انسان بڑا عاجز ہے

دعوے تو بہت کرتا ہے لیکن ہے عاجز۔ کلچر کروا کے پتہ لینے کے لئے کہ یہ کون سے کیڑے ہیں بیماری کے، اور کونسی دوا موثر ہے اُن پر، تین جگہ ٹیسٹ کروایا گیا۔ فیصل آباد جہاں کی لیبارٹری بہت اچھی ہے اور غالباً غیر ملکی تعلیم یافتہ ڈاکٹر وہاں کام کر رہے ہیں۔ لاہور بہت اچھی لیبارٹری اور بہت اچھی لیبارٹری میں اسلام آباد۔ تینوں جگہ کا نتیجہ مختلف تھا۔ فیصل آباد نے ایک قسم کا کیڑا بتایا۔ لاہور نے ایک دوسری قسم کا کیڑا بتایا اور دوسری دوا بتائی اور اسلام آباد نے ایک تیسری قسم کا کیڑا بتایا بیماری کا اور ایک تیسری قسم کی دوائیں بتائیں۔ وہاں احمدی ڈاکٹر اچھے زیرک ہیں اللہ تعالیٰ ان کی عمر میں اور کام میں برکت ڈالے اور ہاتھ میں شفاء دے۔

اسلام آباد میں کچھ عرصہ لعد گیا تھا غالباً بیماری کے دو ہفتے سے زاید ہوا تھا جب میں یہاں سے گیا ہوں وہاں۔ اس عرصہ میں ایک انٹی بائیوٹک جرم کش دوائی مجھے ڈاکٹروں نے دی اور اس نے غالباً اس بیماری کو تو کچھ سنبھالا، موثر ہوئی ایک حد تک، لیکن گردوں پر اس دوائی نے حملہ کیا اور گردوں نے کام کرنا چھوڑ دیا۔ دو دن تک گردوں نے پیشاب ہی نہیں بنایا اور اس سے بڑی فکر پیدا ہوئی۔ پیشاب آور دوائیں استعمال کیں (حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ دوائیں ہر قسم کی کھا لینی چاہئیں۔ جس چیز میں خدا تعالیٰ شفاء رکھنا چاہے گا رکھ دے گا۔ شرک سے اپنے نفس کو بچانا چاہیئے)۔ بہر حال میں نے مشورہ کے بعد طب کی ایک دوائی تجویز کی اور

ہومیوپیتھک کی دوائی

شروع کی پیشاب آور کہ گردے کام کرنا شروع کر دیں اور ڈاکٹروں نے ایلوپیتھک کی بھی ایک دوائی دی اس دوائی کے لٹریچر میں یہ ذکر نہیں تھا کہ اس دوائی میں میٹھا پڑا ہوا ہے۔ اور میں بیمار ہوں "شکر" کا اور میں تھوڑی سی دوائی بھی لیتا ہوں لیکن زیادہ تر بہت احتیاط کرتا ہوں کھانے میں اور اللہ نے فضل کیا ہے مجھے تکلیف نہیں دے رہی یہ بیماری۔ ذیابیطس جسے کہتے ہیں قابو میں رہتی ہے۔ لیکن میں نے محسوس کیا کہ ایلوپیتھک کی دوائی کے نتیجہ میں میرا شکر کا نظام جو ہے اس میں نقص پیدا ہو رہا ہے اور مجھے تکلیف ہو گئی۔ ربوہ شروع کی دوائی۔ پھر اسلام آباد چلے گئے ایک دن وہاں میں نے ایک دوست سے جو دوائوں کی دکان کرتے ہیں کہا مجھے شبہ ہے کہ میٹھا ہے اس دوائی میں پتہ تو کرو۔ ان کی اچھی واقفیت ہے۔ انہوں نے بڑی بڑی دکانوں سے پتہ کیا۔ انہوں نے کہا ہمیں علم نہیں لیکن اس کے لٹریچر میں نہیں لکھا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کہ اس میں میٹھا ہے۔ ایک شریف انسان مل گیا اُس نے کہا میری واقفیت ہے پاک ڈیوبس کے ساتھ جو کراچی میں یہ دوائی بنا رہے ہیں، انہیں میں فون کر کے پوچھتا ہوں۔ اس نے فون کیا تو جواب ملا کہ

بالکل فکر نہ کرو

اس میں ہم نے سکرین نہیں ڈالی بلکہ خالص میٹھا ڈالا ہے۔ تو خالص میٹھے کے تین پیالے بھر کے مجھے پلانے شروع کئے ہوئے تھے ذیابیطس کی بیماری میں جو میں نے زیادہ تر کھانے سے کنٹرول کی ہوئی تھی۔ خون میں میری "شکر" ۱۳۰ کے لگ بھگ رہتی تھی جو کچھ زیادہ ہے نارمل سے لیکن ڈاکٹروں نے کہا تھا کہ اتنی ہے تو کوئی فکر کی بات نہیں وہ ایک سو تیس سے بڑھ کے دو سو بیس تک چلی گئی اور خاص مقدار سے جب آگے بڑھے تب یہ قارورے میں آتی ہے۔ قارورے میں ۴ء اشکر نکل آئی۔ لیکن پھر یہ ہو گیا کہ چکر چل گیا بیماری اور دوائیوں کا۔ میں بیچارا مریض بیچ میں پھنسا ہوا۔ وہ دوا چھوڑی۔ لیکن ایک دفعہ یہ شکر کا نظام [illegible] ہو تو آتو جاتا ہے کنٹرول میں لیکن بڑی محنت کرنی پڑتی ہے اور بڑی قربانی دینی پڑتی ہے۔ کھانا میرا اتنا کم ہے کہ آپ حیران ہو جائیں گے کہ میں دوپہر کے کھانے میں ایک چھٹانک سے زیادہ آٹا نہیں کھاتا۔ میرا معمول ہے یہ۔ اور رات کے کھانے میں اس سے بھی کم۔ تو اگر شکر کا خیال کرنا پڑے تو آدھی چھٹانک آٹا رہ جائے گا۔ میں ایک پھلکا کھاتا ہوں۔ مشکل سے۔ اور اس میں کمی کی گنجائش بڑی تھوڑی ہے۔ جو چار روٹیاں کھاتا ہو وہ دو کر دے، ایک کر دے۔ جو ایک ہی کھاتا ہے وہ کیا کرے۔ بھوکا تو نہیں رہ سکتا انسان۔ بہرحال پہلے تو میں نے وہ میٹھی دوائی چھوڑی۔ صرف دوائی چھوڑنے سے دو سو بیس سے ایک سو اسی، بیاسی پر آ گیا۔ پتہ لگ گیا کہ دوائی کا اس میں حصہ تھا۔

پھر گرمی میری مستقل بیماری بن گئی ہے اُس سال سے جب

کام کے دوران

ایک اس قسم کی گرمی کے موسم میں تین دفعہ مجھے باقاعدہ لُو لگ کے Heat stroke۔ بخار، گھبراہٹ، سر درد کے حملے شروع ہو گئے تھے۔ جس کو ایک دفعہ بھی یہ بیماری ہو جائے گرمی باقاعدہ بیماری بن جاتی ہے۔

اسلام آباد میں جو انفیکشن کی دوائی تجویز کی گئی، میں نے اُسی دن ساڑھے دس بجے رات پہلی خوراک کھالی۔ ایک مہینہ میں نے وہ اینٹی بائیوٹک کھائی۔ اُس نے بڑا فائدہ کیا۔ لیکن خود اینٹی بائیوٹک ضعف کرنے والی ہے۔ اور ایک مہینہ کے بعد اب میں گیا ہوں تو انہوں نے دوبارہ جو ٹیسٹ لیا، ابتدائی رپورٹ کے مطابق قریباً ۹۰ فیصد آرام ہے ابھی دس فیصد بیماری موجود ہے۔ دوائی شاید بدل دیں۔ آج یا کل اُن کی طرف سے آئے گی اطلاع۔ یہ کچھ لمبا چکر پڑ گیا ہے۔ یہ اس لئے میں نے آپ کے سامنے بیان کیا اِسے کہ آپ دُعا کریں کہ خدا تعالیٰ مجھے بیماری کے اس چکر سے نکالے اور پوری صحت دے تاکہ میں پورا کام کروں۔ اپنی ذمہ داری پوری طور پر نباہوں۔ جو کام میرے کرنے کے ہیں وہ میں ہی کر سکتا ہوں۔ مثلاً بیماری کے ایام میں

ایک دن مجھے خیال آیا

کہ ڈاک سے ایک کمرہ بھر گیا ہے، کچھ تو نکالنی چاہئے تو بیماری میں ہی میں دو راتیں دو بجے تک اور ایک رات اڑھائی بجے تک ڈاک دیکھتا رہا اور کچھ حصہ ڈاک کا نکال دیا۔ کچھ مجھے تسلی ہوئی۔ پھر جب کچھ افاقہ ہوا تو اپنا پورا زور لگا کے اسلام آباد میں ہی ساری ڈاک نکال دی تھی۔ لیکن ان تین دنوں کی ڈاک میں نے نہیں دیکھی۔ منگل، بدھ اور جمعرات۔ انشاء اللہ مجھے اُمید ہے کہ کل یا پرسوں دو دن میں وہ ساری دیکھ لوں گا پھر کوئی میرے ذمہ قرض نہیں رہے گا جماعت کا۔ کیونکہ دعاؤں کے خطوط ہیں۔ معاملات ہیں۔ تکالیف بعض ایسی ہوتی ہیں جو فوری دُور کرنی ہوتی ہیں۔ تو میری بیماری مجھے قصوروار ٹھہراتی ہے۔ میں اپنے ربّ سے اُمید رکھتا ہوں کہ جو بیماری کی وجہ سے کمزوری ہوتی ہے اس پر وہ مجھے گرفت نہیں کرے گا لیکن مجھے یہ تکلیف ہوتی ہے سوچ کے کہ جن دوستوں کی تکالیف کو میں صحت کی صورت میں دُور کر سکتا تھا وہ میں دُور نہیں کر سکا۔ تو

بہت دُعا کریں

کہ اللہ تعالیٰ میری بیماری کو کلیتہً دُور کر دے اور مجھے پوری طاقت عطا کرے جیسا کہ اب تک وہ کرتا رہا ہے، کرتا ہے، آئندہ بھی جب تک زندگی ہے میں اُس ربّ کریم سے اُمید رکھتا ہوں کہ وہ ایسا کرے گا کہ مجھے طاقت دے اور سارے ہی کام روز کے روز ہو جائیں۔ میں روز کے کام قریباً روز ہی نمٹانے کا عادی ہوں۔ عام طور پر میں رات کو بارہ بجے سے پہلے کبھی نہیں سویا۔ ایک بجے کے بعد بہت دفعہ سویا ہوں تو اوسطاً ساڑھے بارہ اور ایک بجے میں سوتا ہوں۔ گرمیوں میں بھی پھر صبح نماز کے لئے اُٹھتا ہوں۔ بعض دفعہ اتنا ضعف ہوتا ہے کہ میں مسجد میں نہیں آ سکتا لیکن نماز پڑھتا ہوں اپنے وقت پر۔

دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے انشاء اللہ تعالیٰ میرا ارادہ امسال باہر دَورہ پر جانے کا ہے۔ بہت سے ملکوں میں جانا ہے۔ اس کے متعلق زیادہ تفصیل سے انشاء اللہ اللہ نے توفیق دی تو اگلے جمعہ میں بات کروں گا خلیفۂ وقت حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جماعت میں ساری دُنیا کے احمدیوں کا خلیفہ ہے۔ اب اکثر اوقات میں یہاں رہتا ہوں مرکز میں۔ لیکن افریقہ میں جو احمدی ہیں وہ بھی اور امریکہ میں جو احمدی ہیں وہ بھی، شمالی امریکہ میں اور جس میں یونائیٹڈ سٹیٹس آف امریکہ اور کینیڈا شامل ہے اور جنوبی امریکہ میں جو ہیں وہ بھی اور یورپ میں بسنے والے احمدی بھی، افریقہ والے احمدی بھی، آسٹریلیا والے احمدی بھی، انڈونیشیا والے احمدی بھی میری باتوں پر کان دھرتے، میری نصائح سے فائدہ اُٹھاتے جو اسلامی تعلیم میں اُن کے سامنے رکھتا ہوں اس کے مطابق زندگی گزارنے کی کوشش کرتے ہیں اور دوسروں کے مقابلہ میں بہت پیار اور محبّت سے وہ رہتے ہیں۔

تو خلیفۂ وقت تو ایک جگہ ہی ہوگا جب اکثر اوقات یہ ساری دُنیا جو ہے ہزارہا میل سے میری آواز کو سُنتی اور

پیار اور اخوّت کے ساتھ

زندگی کے دن گزار رہی ہوتی ہے تو اگر میں تھوڑے سے عرصہ کے لئے ربوہ سے باہر چلا جاؤں تو ربوہ والوں کو یہ حق تو نہیں پہنچتا کہ چونکہ خلیفۂ وقت یہاں نہیں ہے اس لئے ایک دوسرے کے خلاف غصّے نکال لو۔

پس میری نصیحت یہ ہے کہ کبھی بھی نہ لڑو ایک دوسرے سے مسکراتے چہروں سے ملاقات کرو۔ سلام سے اپنے کلام کی ابتداء کرو۔ کسی کا حق نہ مارو۔ غلط فہمیاں دُور

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کرنے کے لئے جہاں تک طاقت میں ہو تمہاری اپنے حقوق چھوڑ دو۔ بے شک دینے والا تو اللہ ہے وہ دیتا ہے۔ جب دینے پہ آتا ہے تو اتنا دیتا ہے کہ آپ کی جھولیوں میں وہ چیز سما نہیں سکتی۔ وہ دیتا ہے افراد کو بھی، وہ دیتا ہے جماعت کو بھی۔ افراد کے متعلق بھی میں مثالیں دیا کرتا ہوں لیکن جماعت تو ہمارا سانجھا مال ہے نا۔ ہر احمدی جو ہے جماعت کا مال اُس کا مال ہے۔ اُس مال کی برکتیں ہر احمدی کو نظر آنی چاہئیں اور اُس کے مطابق اُس کی زبان سے ہر آن اور ہر وقت الحمد للہ نکلنا چاہیئے۔

سنہ ۷۹ء میں مغربی افریقہ کے بعض ملکوں کا میں نے دورہ کیا۔ وہاں مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ایک نئے پروگرام کا۔ جماعت میں میں نے اُس کی تحریک کی۔ ساری جماعت نے اُس وقت

بڑے پیار کے ساتھ

اللہ تعالیٰ کے حضور ۵۳ لاکھ روپیہ پیش کر دیا۔ اب ان ملکوں کی سکیم کہ اتنے کالج کھولے جائیں گے اور اتنے ہسپتال کھولے جائیں گے۔ اُس کے لحاظ سے تو ۵۳ لاکھ روپے کوئی چیز نہیں ہیں۔ وہاں کے جو مشنریز عیسائی ہسپتال ہیں وہ دو دو کروڑ روپیہ ایک ایک ہسپتال پر خرچ کرنے والے ہیں۔ لیکن خدا تعالیٰ کو آپ کے پیسے کی تو ضرورت نہیں آپ کے دل میں جو اس کا پیار موجزن ہوتا ہے اُسے وہ پسند کرتا اور محبت کی نگاہ سے دیکھتا اور اُسی کے مطابق وہ آپ سے سلوک کرتا ہے۔ اس سال "نصرت جہاں آگے بڑھو" نصرت جہاں میرے لئے ایک پیارا وجود بھی ہے (کیونکہ میری دادی نصرت جہاں نے بچپن سے ہی مجھے پالا اور بڑی احسن رنگ میں تربیت کی۔ مجھے وہ کچھ سکھایا کہ دُنیا کی کوئی ماں نہیں جس نے اپنے بچے کو وہ سکھایا ہو، جس رنگ میں سکھایا وہ بھی حسین تھا۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات کو بہت بلند کرے) لیکن معنوی لحاظ سے یہ بنتا تھا کہ خدا تعالیٰ کی نصرت اور تائید سے اور آگے بڑھو۔ ۵۳ لاکھ سے تو ہم جوں کی چال سے بھی آگے نہیں بڑھ سکتے لیکن خدا تعالیٰ کی نصرت نے اپنا یہ کرشمہ دکھایا کہ سالِ رواں کا اُن ملکوں کا

نصرت جہاں کا بجٹ

چار کروڑ روپے کا ہے۔

تو خدا تعالیٰ جو ہے وہ بخیل نہیں۔ جو اس کی خاطر اپنا حق چھوڑتا ہے۔ اسی کا دیا ہوا مال اُسے لوٹاتا ہے وہ اللہ اس دنیا میں بھی قرضہ نہیں رکھتا اور اُسے دیتا ہے۔ اگر تو آپ نے اپنے رب سے لینا ہے تو لڑ جھگڑ کے اپنے بھائی سے مت لو۔ اگر آپ نے اس کے حکم پر عمل کرنا ہے:۔

لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ

تو جو آپ کا حق نہیں وہ اپنے حق میں ملا کر سارے مال کو گندا نہ کرو۔ بلکہ خدا تعالیٰ پر بھروسہ رکھو۔ وہ آپکی ضرورتوں کو پورا کرے گا۔ اور آپ کی فطرت میں اور نفس میں قناعت کا مادہ پیدا کرے گا اور سخی بنائے گا آپ کو۔ دوسروں کو دینے والا بنا دے گا آپ کو۔ ایسا بنا دے گا جس طرح ایک چشمہ کے کنارے پر جو خیمہ زن ہے انسان۔ وہ پانی جمع نہیں کیا کرتا مشکوں میں ہر وقت اس کو ٹھنڈا پانی بارشوں کا اور برف کا چشموں کے ذریعہ اُسے وہ پہنچ رہا ہے۔ اس مادی دنیا کا وہ کون سا چشمہ ہے جس کا دہانہ خدائے رزّاق کے جو جلوے ہیں اُن سے زیادہ چوڑا ہو۔

تو جہاں سے آپ کو بہت زیادہ مل سکتا ہے وہاں سے لینے کی کوشش کریں اور ہمیشہ ہی پیار اور محبت سے رہیں۔ ربوہ کو تو مثال بننا چاہیئے دوسروں کے لئے اس واسطے میں آپ کو زور کے ساتھ یہ یاددہانی کروا رہا ہوں۔

میں جب یہاں ہوتا ہوں کئی تکلیفیں بھی اٹھاتا ہوں جذباتی طور پر۔ ذرا ذرا سی بات کی مجھے اطلاع آتی ہے کہ جو احمدی جنکو خدا تعالیٰ نے گند اور اندھیروں سے نکال کر

پاکیزگی اور نور کی رفعتوں تک

پہنچایا تھا وہ پھر واپس اندھیروں کی طرف جانے کے لئے آپس میں لڑ پڑتے ہیں۔ جہاں تک مجھ سے ہو سکتا ہے میں کوشش کرتا ہوں کہ وہ اس گند میں نہ پڑیں۔ ان اندھیروں کی طرف ان کی حرکت نہ ہو۔ کبھی میں کامیاب ہوتا ہوں۔ کبھی بدقسمتی ان لوگوں کی میں کامیاب نہیں ہوتا لیکن بہر حال یہ کوشش ہے جو میں کرتا ہوں اور اب میں یہ کوشش کر رہا ہوں کہ ہر شخص اس بات کا ذمہ دار ہے کہ ربوہ کی فضاء جو ہے وہ محبت اور پیار کی فضاء رہے گی اور ہر شخص دوسرے کے دکھوں کو دُور کرنے والا اُن کے لئے خوش حالی اور بشاشت کے سامان پیدا کرنے والا ہو گا۔ دکھ کے سامان پیدا کرنے والا نہیں ہو گا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس حقیقت کے سمجھنے اور اس کے مطابق اپنی زندگی گزارنے کی توفیق عطا کرے۔ اپنی طبیعت کے لحاظ سے میرا خیال تھا۔ دس منٹ سے زیادہ میں نہیں بولوں گا اور آپ کے نقطہ نگاہ سے اس گرمی کے باوجود کچھ زیادہ بول گیا ہوں۔ بہر حال انسان اپنی کوشش کرتا ہے اور خیر اور برکت صرف خدا دینے والا ہے۔

اس واسطے ایک بات چھوٹی سی بتا دوں۔ ہے تو

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دُعا

مجھے بڑی پیاری ہے۔

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ۔

انہوں نے یہ نہیں مانگا کہ اے خدا مجھے یہ دے اور وہ دے۔

انہوں نے کہا ہر وہ چیز جس میں میرے لئے تجھے خیر نظر آئے اے خدا مجھے وہ دے۔ اور اسی کا میں محتاج ہوں۔ مجھے آپ نہیں پتہ میرے لئے بھلائی کس چیز میں ہے۔ میں کیا مانگوں تجھ سے۔ اُس سے مانگو جو جانتا ہے اور اپنی چلانے کی کوشش نہ کرو اس کے ماحول میں۔ آپ میں سے کسی کو بھی کچھ بھی پتہ نہیں ایک منٹ بعد کا نہیں پتہ۔

اللہ تعالیٰ فضل کرے۔ ہمیں سچا احمدی مسلمان۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر چلنے والا بنائے اور ہمیں اس قابل بنا دے کہ دُنیا ہمارے نمونے کو دیکھ کر ہماری

Digitized by Khilafat Library Rabwah

زندگیوں پر نگاہ پاکر اسلام کی طرف مائل ہونے والی بن جائے اور خدا تعالےٰ کے فضلوں اور اس کی رحمتوں کو اُسی طرح حاصل کرنے کی کوشش کرے جس طرح ہم خدا کے عاجز بندے اس کی رحمتوں اور فضلوں کے محتاج اور کوشش کرتے ہیں جتنی ہم سے ہو سکے کہ اُس سے ہم خیر کو حاصل کریں۔ آمین۔

۲۹ رمضان المبارک تک چندہ تحریک جدید کی ادائیگی

۲۹ رمضان المبارک تک چندہ تحریک جدید ادا کرنے والے مخلصین کے حق میں ہمارے محبوب امام ایدہ اللہ تعالےٰ نے دعا فرمائی ہے۔

"اللہ تعالےٰ ان سبکو احسن جزا دے"

اس خوشکن اطلاع کے ساتھ سبکو مبارک باد عرض ہے۔

وکیل المال اوّل تحریک جدید

صدر و نائب صدر (صف دوم) مجلس انصار اللہ مرکزیہ کا انتخاب

: از قائد عمومی مجلس مرکزیہ :

امسال مجلس انصار اللہ مرکزیہ کے سالانہ اجتماع کے موقع پر انشاء اللہ صدر مجلس و نائب صدر صف دوم کا انتخاب بھی ہوگا۔ یہ انتخاب تین سال کے لئے ہوتا ہے۔ تمام زعماء مجالس، زعماء اعلیٰ و ناظمین اضلاع و نگران حلقہ جات کی خدمت میں گزارش ہے کہ انتخاب صدر و نائب صدر صف دوم سے متعلق دستور اساسی کی مندرجہ ذیل دفعات ۸۹، ۹۰، ۹۱، ۹۲، ۱۰۶ (الف)، ۱۰۹ ب، کا مطالعہ فرمائیں اور ان کے مطابق کارروائی فرمائیں۔ زعماء کی راہنمائی کے لئے نائب صدر صف دوم سے متعلق سیدنا حضور ایدہ اللہ کا ارشاد ہے:۔

"انصار اللہ میں صدر مجلس انصار اللہ کے ساتھ ایک نائب صدر صف دوم مجلس انصار اللہ ہوگا جس کی عمر ۴۰ سال سے ۴۷ سال کے درمیان ہونی چاہیئے (اور اس انتخاب میں) حصہ لینے والے وہ انصار ہوں گے جن کی عمر ۴۰ سے ۵۵ سال کے درمیان ہے۔"

ان ہر دو عہدوں کے لئے ازراہ کرم اپنی مجلس کی طرف سے حسب قواعد الگ الگ نام تجویز کر کے ۲۰ تبوک ۱۳۶۰ ہش / ستمبر ۱۹۸۱ء سے قبل دفتر مرکزیہ میں بھجوا دیں۔ شکریہ!

مجلس شوریٰ انصار اللہ مرکزیہ

مجلس انصار اللہ کا مرکزی سالانہ اجتماع انشاء اللہ تعالیٰ مورخہ ۳۰ - ۳۱ راخاء / اکتوبر یکم نبوت / نومبر ۱۳۶۰ ہش / ۱۹۸۱ء کو مرکز میں منعقد ہوگا۔

سالانہ اجتماع کے موقعہ پر مجلس انصار اللہ کی مجلس شوریٰ بھی منعقد ہوتی ہے۔ مجلس شوریٰ سے متعلق دستور اساسی کی دفعات ۲۹، ۴۲، ۴۴، ۴۵، ۴۶ اور ۴۷ روشنی ڈالتی ہیں۔ تمام ناظمین، زعماء اعلیٰ اور زعماء مجالس سے درخواست ہے کہ دستور اساسی کی مندرجہ بالا دفعات کی روشنی میں لائحہ عمل اختیار کر کے اپنے فرائض کی بروقت ادائیگی فرمادیں اور

۱۔ مجلس شوریٰ انصار اللہ کے لیے اپنی تجاویز مقامی مجلس عاملہ کی منظوری کے ساتھ مورخہ ۲۰ تبوک / ستمبر ۱۳۶۰ ہش / ۱۹۸۱ء سے قبل دفتر مرکزیہ کو بھجوا دیں۔

۲۔ شوریٰ انصار اللہ کے لیے اپنی مجلس کے نمائندگان (ہر بیس یا اس سے کم انصار پر ایک نمائندہ) منتخب کر کے ان کے نام ۱۰ راخاء اکتوبر تک بہر حال دفتر مرکزیہ میں پہنچ جانے چاہئیں۔

قائد عمومی
مجلس انصار اللہ مرکزیہ ربوہ

قرارداد تعزیت

مجلس تحریک جدید انجمن احمدیہ ربوہ نے مولوی عبدالرحمٰن صاحب انور مرحوم کی وفات پر اپنے ایک غیر معمولی اجلاس میں مندرجہ ذیل قرارداد تعزیت منظور کی۔

مجلس تحریک جدید انجمن احمدیہ کا یہ غیر معمولی اجلاس محترم مولانا عبدالرحمٰن صاحب انور کی وفات پر دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔ مرحوم اُنتیس ۲۹ جون ۱۹۸۱ء بروز سوموار کو مختصر سی علالت کے بعد سوا آٹھ بجے شب بعمر تہتر ۷۳ سال وفات پا گئے انا للہ وانا الیہ راجعون

سیدنا حضرت المصلح الموعود نے جب الٰہی منشاء کے تحت تحریک جدید کا اجراء فرمایا تو اس کام کو چلانے کے لئے حضور کی نگاہِ انتخاب آپ پر پڑی۔ چنانچہ آپ اس کی نہایت اہم اور بنیادی خدمت پر مامور ہوئے۔ مرحوم نے قریباً سترہ ۱۷ سال تک نہایت محنت جانفشانی اور خوش اسلوبی سے اس کام کو سرانجام دیا اور لمبا عرصہ اکیلے ہی تحریک جدید کے تمام شعبہ جات کی نگرانی کرتے رہے۔ آپ حضرت مصلح موعود کے ہر حکم کو انتہائی خوش دلی سے بجالاتے اور واقفین سے من وعن اس کی پابندی کرواتے۔ تحریک جدید میں آپ کی بے لوث خدمات انمٹ ہیں اور ہمیشہ یاد رہیں گی۔ تحریک جدید کا کام آپ نے اس قدر محنت سے کیا کہ اس کا اثر آپ کی صحت پر بھی پڑا۔

سیدنا حضرت مصلح موعود کے ارشاد کے تحت تحریک جدید نے جب آپ کی خدمات ۱۹۵۱ء میں صدر انجمن احمدیہ کو منتقل کیں تو حضور کے ارشاد کے تحت زیر ریزولیوشن ۲۶۷-ب / ۵۱-۴-۱۲ مندرجہ ذیل توصیفی کلمات ریکارڈ کئے گئے۔

"مجلس تحریک جدید صدر انجمن احمدیہ کی ممنون ہے کہ اس نے مولوی عبدالرحمٰن صاحب انور کو فارغ کر کے تحریک جدید کو دے کر اس کی ابتدائی حالت میں قابل قدر امداد کی۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ مولوی صاحب موصوف نے سوائے وکالت مال کے سارا کام اکیلے کیا۔ یہ کام بہت ذمہ داری کا تھا۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ تحریک جدید مولوی صاحب کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اور اس امر کا اظہار کرنا چاہتی ہے کہ تحریک جدید اور اس کے نام سے تعلق رکھنے والے افراد ان کی خدمات کا احترام کرتے ہیں"

تحریک جدید سے ریٹائرمنٹ کے بعد بھی آپ سلسلہ عالیہ احمدیہ کی مختلف خدمات میں مصروف رہے۔ نظارت بیت المال اور خدام الاحمدیہ کے علاوہ اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری اور قائمقام پرائیویٹ سیکرٹری جیسی اہم ذمہ داری کو آپ نے نہایت خوش اسلوبی سے نبھایا۔ اپنے مفوضہ کاموں کے علاوہ آپ کو سیدنا حضرت مصلح موعود کے ارشادات جمع کرنے کا بہت شوق تھا چنانچہ آپ نے بہت محنت اور عرقریزی سے تحریک جدید کے بارہ میں حضور کے ارشادات کو جمع کر کے "مطالبات تحریک جدید" کے نام سے کتابی شکل میں شائع کیا۔

مرحوم بہت محنتی، انتھک۔ خوش اخلاق۔ دعاؤں میں شغف رکھنے والے اور سلسلہ کے کاموں میں خوشی محسوس کرنے والے خادم سلسلہ تھے۔

ہم ممبران تحریک جدید اللہ تعالےٰ کے حضور دست بدعا ہیں کہ وہ مرحوم کو جنت میں اعلیٰ درجات نصیب کرے اور اپنی آغوش رحمت میں جگہ دے۔ اور آپ کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین یا رب العالمین۔

(سیکرٹری مجلس تحریک جدید ربوہ)

جامعہ احمدیہ میں داخلہ ۲۲ راگست کو ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے واقفین زندگی طلباء کا انٹرویو انشاء اللہ العزیز مورخہ ۲۲ راگست ۱۹۸۱ء بروز ہفتہ بوقت ۸ بجے صبح وکالت دیوان تحریک جدید ربوہ میں ہوگا۔

امیدواران کو علیحدہ علیحدہ بذریعہ ڈاک بھی اطلاع دی جارہی ہے۔ جن امیدواروں نے داخلہ کے لئے درخواستیں دی ہوئی ہیں وہ مقررہ وقت پر انٹرویو کے لئے تشریف لے آئیں۔

نوٹ: جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے امیدوار کی عمر ۱۷ سال یا اس سے کم اور تعلیم کم از کم میٹرک سیکنڈ ڈویژن (۴۵٪ نمبر) ہونا ضروری ہے۔

(۲) انٹرویو کے وقت سکول یا کالج کے سرٹیفکیٹ کی اصل اور فوٹوسٹیٹ کاپی اور مقامی جماعت کے صدر صاحب کی تعارفی چٹھی ساتھ لانا ہوگی۔

(وکیل الدیوان۔ تحریک جدید۔ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

انصار حضرات ہفتہ اصلاح وارشاد کے روحانی مائدہ میں دوسروں کو بھی شامل کریں!

قائد اصلاح وارشاد
انصار اللہ مرکزیہ

کیا آپ؟

چندہ عام۔ حصہ آمد۔
چندہ جلسہ سالانہ۔
ادا فرما چکے ہیں؟

(ناظر بیت المال آمد۔ ربوہ)

شعبہ تعلیم خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے اعلانات

۱۔ مرکزی امتحانات کے حل شدہ پرچے مجالس جلد واپس بھجوا دیں۔

۲۔ ماہ اگست کے مطالعہ کی کتاب "گناہ سے نجات مقرر ہے اور
ماہ ستمبر " " " آئینہ کمالات اسلام" مقرر ہے۔
خدام مطالعہ فرمائیں

۳۔ مرکزی مقالہ نویسی بعنوان "جنگ موتہ وغزوہ احزاب" حجم دس ہزار الفاظ

اوّل انعام : ۷۰۰/- روپے
دوم " : ۵۰۰/- "
سوم " : ۳۰۰/- "

آخری تاریخ ۳۱ جولائی ۱۹۸۱ء جو کہ گذر چکی ہے مجالس فی الفور مقالے مرکز میں بھجوا دیں۔

(مہتمم تعلیم مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

تجاویز مجلس شوریٰ

مجلس شوریٰ خدام الاحمدیہ کیلئے تجاویز بھجوانے کی آخری تاریخ یکم ستمبر مقرر ہے۔ لیٹ موصول ہونے والی تجاویز ایجنڈا میں شامل نہیں ہو سکیں گی۔

(ا) معتمد
مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ

بازیافتہ اشیاء

مجھے دو چیزیں سونے کی مسجد دار الذکر لاہور سے ملی ہیں۔ جن صاحب کی ہوں نشانی بتلا کر حاصل کرلے۔

عبدالرحمٰن
معرفت
الائیڈ سائنٹیفک سٹور گنپت روڈ
انارکلی لاہور

سب سے بڑھ کر آپ کی خدمت کرنے والے پہلے ادارہ کی
پیشکش
طاہر آباد اور ربوہ میں ہلموقع رہائشی پلاٹس خریدنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں
ملیخ انیس اسٹیٹس
فون ۵۰۷

چمپا کریم
چہرے کی خوبصورتی
مشہور دواخانہ گوجرانوالہ

مشہور کاجل
نظر اور آنکھوں کی خوب صورتی
مشہور دواخانہ گوجرانوالہ

فون ملز: ۲۷۹۴۶ ؛ فون آفس: ۲۲۴۸۳
سفینہ انڈسٹریز لمیٹڈ
مقبول روڈ۔ فیصل آباد
امپورٹر — ایکسپورٹر
لون۔ وائل۔ پردہ کلاتھ۔ پالین،
جاذب نظر۔ دیدہ زیب۔ ہر گھر کی پسند
آفس
ممدر گلی۔ ریل بازار۔ فیصل آباد

ہر قسم کا
کاغذ، بکس بورڈ اور گتہ
بارعایت خریدنے کیلئے ہماری خدمات حاصل کریں اور دعا فرمائیں
مقبول پیپر مارٹ۔ گنپت روڈ لاہور۔ فون نمبر ۶۳۸۴۹
گھر:- ملک عبداللطیف ستکوہی۔ فون نمبر ۶۲۵۱۶

ٹویوٹا
گاڑی کے ہر قسم کے اصلی پرزہ جات ہول سیل پر
الفرقان موٹر اسٹور سے حاصل کریں
۳۸۔ تبت سنٹر۔ بندر روڈ کراچی ؛ فون نمبر: ۷۴۶۰۹

گوجرانوالہ فون نمبر ۷۴۸۴۴
ہمارے دواخانہ
میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز کا
نام اب
آپ کو معلوم ہو کہ
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
زیر نگرانی
حکیم عبدالحمید جانشین و فرزند
حضرت حکیم نظام جان
ہو چکا ہے
ربوہ فون نمبر ۶۳۸

خدمت کی راہوں پر رواں دواں
دیرینہ خادم
مشہور دواخانہ (سابق میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز)
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ
۷۱۔ سویٹ ہوم لینڈ ماڈل کالونی کراچی ۲۷

Digitized by Khilafat Library Rabwah

دوا تدبیر ہے اور دعا اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے

ہمدردانہ مشورہ اور قابلِ اعتماد اصولی علاج کے لئے

مطب ناصر دواخانہ۔ گول بازار ربوہ۔ فون ۵۳۴

خوشخبری

کتاب "محمدی کلیاں" مجموعہ اشعار پنجابی از حکیم میاں محمد الدین صاحب کی جس میں ایمان افروز اور دلچسپ اور پیاری پیاری نظمیں ہیں

ملنے کا پتہ:

ناصر دواخانہ جامع مسجد احمدیہ شیخوپورہ شہر

ربوہ میں ملنے کا پتہ:

مکتبہ عرفان گول بازار ربوہ

قادیان کا قدیمی

محبوب کاجل

جو حضرت خلیفۃ المسیح اوّلؓ کے نسخہ کے مطابق تیار کیا جاتا ہے۔

عبدالقادر ابن ماسٹر ماموں خانصاب گولبازار ربوہ

سٹاکسٹ: "شاہد شاپنگ سنٹر" بالمقابل سب تحصیل اقصیٰ روڈ۔ گولبازار ربوہ

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کے لئے اپنے معروف ادارہ

گلوب ٹمبر کارپوریشن

۲۶ نیو ٹمبر مارکیٹ راوی روڈ لاہور پر

تشریف لائیں

(گورنمنٹ کنٹریکٹر)

فون نمبر ۶۸۱۲۶ ، ۵۳۴۲۰ ، رہائش ۶۲۹۳۰ ، فیکٹری رچنا ٹاؤن - ۷۱۰۳۶۲

احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کے لئے ہم سے رابطہ پیدا کریں!

جدید فیشن کے مطابق

سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات

اور چاندی کے خوش نما برتن۔ ٹی سیٹ وغیرہ کیلئے

فرحت علی جیولرز

کمرشل بلڈنگ شاہراہ قائدِ اعظم لاہور

فون ۵۲۶۲۳

شالوں کی مشہور دکان

الفردوس شال ہاؤس

۸۵۔ انارکلی۔ لاہور

الفردوس شال ہاؤس

لاہور۔ فون ۳۲۴۴۴۸

ضرورت سٹاف

۱۔ اکونٹنٹ جو کہ کمپنی اکونٹس سے پوری طرح آگاہ ہو اور لمبا تجربہ رکھتا ہو

۲۔ ٹائپسٹ جو کہ دفتری کام کا تجربہ رکھتا ہو۔

۳۔ متفرق کام کے لئے چند نوجوان لڑکے جو کہ ہر قسم کا مشقت کا کام کر سکیں اور محنت سے جی نہ چراتے ہوں تعلیم ضروری نہیں۔

۴۔ ایمبولینس کاروں کے لئے دو ڈرائیور

شفا میڈیکو

چوک شفا میڈیکو، نزد میو ہسپتال لاہور

فون: ۶۳۶۹۳

کراچی میں جائیداد

کی خرید و فروخت پلاٹ، مکان وغیرہ کے لیے درج ذیل پتہ پر اپنے قابلِ اعتماد ادارہ سے رابطہ قائم کیجئے!

لینڈ مارکس

پوسٹ بکس ۱۰۴۳۶ کراچی ۴

فون: ۵۴۰۸۶۶ ، ۵۴۰۸۳۴

TEST OF CURES

ANY DISEASE DECLARED INCURABLE?

CURES ACCEPT THE CHALLENGE

SEE THE LIST OF 140 CURES

GET THE REQUIRED CURES FROM NEARBY CHEMIST

FOR DETAILS AND FREE LITERATUF

CONTACT:

CURATIVE MED. CO. RECD.

PAKISTAN—H.O. RABWAH

Phones: 606-607

ہر قسم کا سامانِ سائنس و اجبی نرخوں پر خریدنے کے لیے

الائیڈ سائنٹیفک سٹور

فون ۶۴۵۰۰

گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیے!

ہر قسم کی عمارتی لکڑی

دیودار۔ کیل۔ چیل۔ پڑتل کے لئے ہمارے ہاں رجوع فرمائیں!

سٹار ٹمبر سٹور

۵۳ فیروزپور روڈ۔ بالمقابل تھانہ اچھرہ۔ لاہور۔ فون نمبر ۴۱۰۶۱۷

نرینہ اولاد سے محروم بے اولاد اور موض اٹھرا کی شکار دکھی عورتوں کے لئے

۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام

ھو الشافی

دواخانہ حکیم نظام جان

حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان۔ پوسٹ بکس ۲۲۲ • چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ۔ فون نمبر ۷۲۹۹۷

ربوہ کا پتہ: مکان نمبر ۳/۱۵ نزد ناصر کنڈر گارٹن سکول (دواخانہ حکیم نظام جان۔ ربوہ) دوائی اور مشورہ کیلئے یہاں تشریف لاویں!

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خوبصورت اور مضبوط دانت جدید ترین طریقہ سے بغیر تالو کے لگائے جاتے ہیں۔ ٹیڑھے اور بدصورت دانت خوبصورت کئے جاتے ہیں۔ دانتوں کو ٹھنڈا پانی لگنا یا درد ہونے کا فوری علاج کیا جاتا ہے۔

شریف ڈینٹل کلینک نزد مسجد اقصیٰ۔ ربوہ

نظر اور دھوپ کی عینکوں کیلئے نصیر آپٹیکل سروس فون نمبر ۳۴۳

جائیداد کی خرید و فروخت

کیلئے

قابلِ اعتماد ادارہ

فضل عمر

پراپرٹی ڈیلرز

نزد ریلوے پھاٹک ربوہ

فون دفتر - ۶۴۰

فون رہائش - ۵۴۰

شیراز شاپنگ سنٹر — اقصیٰ روڈ ربوہ

پریشر کوکر اور ان کے پارٹس۔ کراکری۔ ڈنر سیٹ۔ ٹی سیٹ۔ واٹر سیٹ۔ فروٹ سیٹ ڈیزرٹ کولر۔ سٹیل الماری۔ ایئر کنڈیشنر ۱½ ٹن۔ واٹر کولر۔ بجلی کا سامان۔ لیڈیز وائل سوٹ صرف -/۳۸ روپے۔ آج ہی تشریف لائیں! (مینیجر)

جدید فیشن کے مطابق

سونے کے جڑاؤ اور سادے زیورات وغیرہ کے لئے

نیو پاک جیولرز ۱۱۱۔ فیروزپور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ **لاہور**

فون: ۴۱۰۹۷۴ / ۴۱۸۶۴۶ اور رہائش - ۴۱۸۶۴۵

پروپرائیٹر:- میاں عظیم قادر اینڈ سنز

کئی سال سے آپکی

بے لوث خدمت کرنیوالا

واحد ادارہ

احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ

سکنی و زرعی اراضی مکانات و پلاٹس وغیرہ کی خرید و فروخت کیلئے

آپ کی خدمت کا متمنی

احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ

النس مارکیٹ ربوہ

فون نمبر: ۵۳۵

بشیر انجینئرنگ انڈسٹریز لمیٹڈ

ایسوشی ایٹس آف

میسرز بشیر اینڈ کمپنی

ایکسپورٹرز اینڈ امپورٹرز

(گورنمنٹ کے منظور شدہ ٹھیکیدار برائے ملٹری۔ ریلوے۔ ٹیلیگراف۔ ٹیلی فون۔ واپڈا اور دوسرے شعبہ جات)

لوہے کے جستی تار، نیز کاسٹ آئرن کے گھریلو استعمال کے سیوریج پائپ اور لوہے کی ہر قسم کی چادروں کیلئے ہمیں خدمت کا موقع دیں

ہیڈ آفس — فون نمبر

حمید منزل ۸۹ انارکلی لاہور ۵۲۷۸۳ ، ۴۱۳۳۲۲

شاخیں (۱) لوہا مارکیٹ، لاہور فون نمبر ۵۶۰۲۳ — (۲) کے ایم سی۔ ۷۷ گارڈن مارکیٹ۔ لارنس روڈ کراچی فون نمبر ۷۸۵۶۴

فیکٹری — ۲۲ کلومیٹر (لاہور شیخوپورہ روڈ) لاہور